# اخبار الوفاق

ادارہ

**صدر وفاق دامت برکاتہم کا سفر پنجاب:**......۲ر رجب ۱۴۳۴ھ مطابق ۱۳ر مئی ۲۰۱۳ء بروز پیر، صدر وفاق حضرت اقدس مولانا سلیم اللہ خان صاحب دامت برکاتہم العالیہ مولانا مفتی مظہر اسعدی کی دعوت پر بہاولپور جامعہ اسعد بن زرارہ کی سالانہ تقریب میں شرکت کے لیے بہاولپور تشریف لے گئے، حضرت صدر صاحب کے ہمراہ حضرت مولانا عبید اللہ خالد صاحب (ناظم اعلی جامعہ فاروقیہ کراچی) تھے۔ بہاولپور میں آپ کی درجِ ذیل مصروفیات رہیں:

بعد نماز عصر جامعہ کی سالانہ تقریب میں مدعو مختلف علماء نے ملاقاتیں کیں۔ جن میں شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالمجید لدھیانوی صاحب (امیر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان)، حضرت مولانا ظفر احمد قاسم صاحب (مہتمم جامعہ خالد بن ولید وہاڑی)، حضرت مولانا محمد نواز صاحب (مہتمم جامعہ قادریہ حنفیہ ملتان)، حضرت مولانا ارشاد احمد صاحب (مہتمم دارالعلوم عیدگاہ کبیر والا)، حضرت مولانا محمد عمر قریشی صاحب (مہتمم جامعہ رحیمیہ دارالمبلغین کوٹ ادو) قابل ذکر ہیں۔ بعد نماز مغرب حضرت صدر صاحب جامعہ کی سالانہ تقریب میں تشریف لے گئے جہاں کامل الحفظ طلباء کا آخری سبق سنا، بعد ازاں بدست حضرت صدر صاحب انعامات کا سلسلہ شروع ہوا بالخصوص جامعہ کے وہ ممتاز طالب علم جنہوں نے نورانی قاعدہ سے لے کر دورہ حدیث تک جامعہ میں پڑھا۔ ادارہ نے اس اعزاز میں حضرت صدر صاحب سے لیپ ٹاپ دلوایا، اس کے بعد اس سال دورہ حدیث کی جماعت کی بخاری شریف کا آخری سبق اور آئندہ سال کی دورہ حدیث کی جماعت کا افتتاحی سبق سنا۔ اس کے بعد حضرت نے دس منٹ تک مجمع سے گفتگو فرمائی اور فرمایا کہ ”لوگوں کو معلوم نہیں کہ اصل تعلیم کون سی ہے وہ دنیاوی تعلیم کو زیادہ حیثیت دیتے ہیں جبکہ قرآن وسنت کی تعلیم اصل اور اس کے ذریعہ سے رضائے الٰہی حاصل ہوتی ہے“۔

☆......۳ر رجب ۱۴۳۴ھ مطابق ۱۴ر مئی ۲۰۱۳ء بروز منگل: بعد نماز فجر دور دراز کے مختلف شہروں سے آئے ہوئے وفود نے ملاقاتیں کیں، بعد ازاں بہاولپور سے لودھراں کے لیے روانہ ہوئے۔ جامعہ سراج العلوم لودھراں کے صدر مدرس حضرت مولانا اللہ بخش کے بھائی مرحوم کی تعزیت کرتے ہوئے مرکزی دفتر وفاق المدارس العربیہ پاکستان ملتان پہنچے،

بہاولپور سے ملتان کے اس سفر میں رکن عاملہ وفاق مولانا مفتی مظہر اسعدی صاحب بھی ہمسفر تھے۔

☆......اسی روز حضرت صدر صاحب کی دفتر وفاق تشریف آوری پر حضرت ناظم اعلیٰ صاحب نے ملاقات کی اور وفاق سے متعلقہ امور پر مشاورت اور تبادلۂ خیال کیا۔

**جامعہ مفتاح العلوم (سرگودھا) کی تقسیم اسناد و دستار فضیلت کی سالانہ تقریب میں شرکت:**......۴/رجب ۱۴۳۴ھ مطابق ۱۵/مئی ۲۰۱۳ء بروز بدھ: جامعہ مفتاح العلوم سیٹلائٹ ٹاؤن سرگودھا میں دستار بندی کے موقع پر صدر الوفاق شیخ الحدیث حضرت اقدس مولانا سلیم اللہ خان صاحب اور حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری ناظم اعلیٰ وفاق نے شرکت کی۔ بعد نماز عشاء حضرت صدر وفاق نے "علم کی اہمیت" پر انتہائی جامع اور مختصر خطاب فرمایا جس میں قیمتی نصائح ارشاد فرمائے۔ اس کے بعد حضرت ناظم اعلیٰ صاحب نے خطاب فرمایا، اسٹیج پر موجود حضرت صدر صاحب بڑی دلجمعی اور توجہ سے خطاب سنتے رہے، حضرت ناظم اعلیٰ کے بیان سے علماء فضلاء اور عوام بہت زیادہ متاثر ہوئے۔ بعد ازاں حضرت صدر صاحب نے درجہ عالیہ کے ایک طالب علم محمد اظہر جنہوں نے وفاق کے امتحان صوبہ پنجاب میں دوسری پوزیشن لی ہے اس کو جامعہ کی طرف سے انعامات سے نوازا اور دیگر طلباء کی دستار بندی بھی فرمائی۔

**جامعہ فاروق اعظم فیصل آباد کی سالانہ تقریب میں شرکت:**......۶/رجب ۱۴۳۴ھ مطابق ۱۷/مئی ۲۰۱۳ء بروز جمعۃ المبارک: جامعہ فاروق اعظم رشید آباد فیصل آباد میں صدر الوفاق شیخ الحدیث حضرت اقدس مولانا سلیم اللہ خان صاحب تشریف لائے۔ اس موقع پر حضرت نے خطاب فرمایا اور جامعہ سے فارغ ہونے والے فضلاء کی دستار بندی بھی فرمائی۔

**ناظمِ اعلیٰ وفاق کے اسفار:**......وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ناظمِ اعلیٰ مولانا محمد حنیف جالندھری نے درج ذیل تفصیل کے مطابق "وفاق" سے ملحق مدارس و جامعات کے سالانہ اجتماعات میں شرکت کی اور مختلف موضوعات پر خطاب فرمایا۔

**کبیر والہ (خانیوال) میں خطاب:**......۲۰/جمادی الثانی ۱۴۳۴ھ مطابق یکم/مئی ۲۰۱۳ء بروز بدھ محترم جناب رانا محمد سلیم صاحب کی دعوت پر گلشنِ اقبال فلور مل کبیر والہ میں "علماء کرام کی موجودہ دور میں ذمہ داریاں" کے عنوان پر مفصل گفتگو فرمائی۔ اس اجتماع میں ضلع خانیوال کے مدارس و جامعات کے مہتممین، اساتذہ کرام اور علماء کرام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

**لاہور، جھنگ، سمندری اور فیصل آباد کے متعدد اجتماعات میں شرکت:**......۲۲/جمادی الثانی ۱۴۳۴ھ مطابق ۳/مئی ۲۰۱۳ء بروز جمعۃ المبارک محترم جناب ارشد منیر صاحب ایڈووکیٹ کی دعوت پر جامعہ مسجد مدینۃ العلوم واپڈا ٹاؤن لاہور میں نئی تعمیر شدہ مسجد کا نماز فجر کی امامت سے افتتاح کیا اور نماز فجر کے بعد "اسلام میں مسجد کی اہمیت و عظمت اور فضیلت" پر خطاب فرمایا۔ اسی روز جامعہ خیر المدارس، ملتان کے فاضل قاری محمد شفیق رحیمی صاحب کی دعوت پر جامعہ علوم شرعیہ جھنگ تشریف لائے۔ نماز جمعہ سے قبل بخاری شریف کی آخری حدیث کا درس دیا۔ بعد ازاں مفتی اعظم حضرت مولانا مفتی عبدالستار صاحب کے صاحبزادے جامعہ خیر المدارس ملتان کے فاضل مولانا مفتی مقصود احمد صاحب کی دعوت

پر جامعہ صدیق اکبرؓ و جامعہ عائشہ صدیقہؓ سمندری میں طالبات کو بخاری شریف کی آخری حدیث کا سبق پڑھایا۔ بعد ازاں چوہدری محمد شریف صاحب مرحوم، جوکہ سمندری (فیصل آباد) سے تعلق رکھتے تھے اور چند روز قبل ایکسیڈنٹ میں ان کا انتقال ہو گیا تھا، ان کے صاحبزادوں سے تعزیت کی۔

☆......۲۲؍ جمادی الثانی ۱۴۳۴ھ مطابق ۳؍ مئی ۲۰۱۳ء بروز جمعۃ المبارک بعد نماز مغرب وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس عاملہ کے رُکن حضرت مولانا مفتی محمد طیب صاحب اور مفتی محمد زاہد صاحب کی دعوت پر جامعہ اسلامیہ امدادیہ فیصل آباد کے سالانہ جلسہ میں شرکت فرمائی اور ''حالات حاضرہ اور ان کے تقاضے'' کے موضوع پر گفتگو کی۔

**مدرسہ امداد العلوم محمود کوٹ کے سالانہ جلسہ میں شرکت:**......۲۳؍ جمادی الثانی ۱۴۳۴ھ مطابق ۴؍ مئی ۲۰۱۳ء بروز ہفتہ حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامی صاحب کی دعوت پر مدرسہ امداد العلوم محمود کوٹ ضلع مظفر گڑھ میں مشکوٰۃ شریف کی آخری حدیث کا درس دیا۔

**جامعہ دار العلوم عیدگاہ کبیر والہ (خانیوال) کے سالانہ جلسہ میں شرکت:**......۲۴؍ جمادی الثانی ۱۴۳۴ھ مطابق ۵؍ مئی ۲۰۱۳ء بروز اتوار ''وفاق'' کی مجلس عاملہ کے رُکن حضرت مولانا ارشاد احمد صاحب کی دعوت پر دار العلوم عیدگاہ کبیر والہ ضلع خانیوال کے سالانہ جلسہ تقسیم اسناد و دستار بندی کے موقع پر خطاب کیا۔

**اسلامی نظریاتی کونسل حکومت پاکستان کے سلیکشن بورڈ کی اسکروٹنی کمیٹی کے اجلاس میں شرکت اور سفیر مراکش سے ملاقات:**......۵؍ رجب المرجب ۱۴۳۴ھ مطابق ۱۶؍ مئی ۲۰۱۳ء بروز جمعرات اسلامی نظریاتی کونسل پاکستان کے سلیکشن بورڈ کی اسکروٹنی کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں مختلف آسامیوں کے لئے آنے والی درخواستوں پر غور کیا گیا۔ اس اجلاس میں حضرت ناظم اعلیٰ نے شرکت کی۔ اسی روز اسلام آباد میں اسلامی نظریاتی کونسل کے سیکرٹری محترم جناب محمد الیاس خان صاحب کے ہمراہ مراکش کے سفیر سے ملاقات کی۔

**''دار العلوم زکریا ترنول اسلام آباد کے سالانہ جلسہ میں شرکت'':**......۷؍ رجب المرجب ۱۴۳۴ھ مطابق ۱۸؍ مئی ۲۰۱۳ء بروز ہفتہ حضرت مولانا پیر عزیز الرحمٰن ہزاروی صاحب کی دعوت پر حضرت ناظمِ اعلیٰ وفاق نے دار العلوم زکریا ترنول اسلام آباد کے سالانہ جلسہ میں شرکت کی اور ''حقیقتِ دین'' کے عنوان پر خطاب کیا۔

**جامعہ عربیہ اسلامیہ راولپنڈی کی سالانہ تقسیم اسناد و دستار بندی میں شرکت:**......۸؍ رجب المرجب ۱۴۳۴ھ مطابق ۱۹؍ مئی ۲۰۱۳ء بروز اتوار جامعہ عربیہ اسلامیہ راولپنڈی قاری فضل ربی صاحب کی دعوت پر حضرت ناظمِ اعلیٰ وفاق نے سالانہ تقسیم اسناد و دستار بندی کے اجتماع سے خطاب کیا اور فضلاء کرام سے ''دین کی امانت اور وراثت کے سپرد ہونے'' کے عنوان پر خطاب کیا۔

اسی روز بعد نماز ظہر جامعہ رحیمیہ دار المبلغین کوٹ ادو، ضلع مظفر گڑھ میں حضرت مولانا محمد عمر قریشی صاحب کی دعوت پر بخاری شریف کی آخری حدیث کا درس دیا اور ''علم حدیث کی عظمت و فضیلت'' کے عنوان پر خطاب فرمایا۔......☆